© rasailojaraid.com



اسلام میں عدل و انصاف کی اساس کتاب وسنت کے علاوہ کچھ اور نہیں۔ کتاب اللہ کے احکام عدل تو احکام القرآن کی صورتوں میں متعدد فقہا نے جمع کیے ہیں' مگر احادیث رسولؐ سے عدالتی نظائر کا یہ پہلا مستند اور معتبر مجموعہ ہے۔ ڈاکٹر اعظمی نے اس میں تمام تر احادیث کی تخریج کر دی ہے۔ جرح وتعدیل کے حوالے سے' ہر روایت کی صحت وعدم صحت پر بھی بحث کی ہے۔ مختلف احادیث سے مستنبط ہونے والے احکام اور ان کے بارے میں مختلف فقہی مسالک کے اختلافات اور آرا کو بھی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ آخر میں ''استدراکات'' کے عنوان سے اصل مخطوطے میں ان اقضیہ کا اضافہ کیا گیا ہے جو فاضل محقق نے دوران تحقیق دریافت کیے۔ تحقیقی مقالے کی نسبت سے مجموعے کے آخر میں عنوانات' اعلام اور مراجع ومصادر کی تفصیلات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

اس مجموعہ احکام وقضایا میں کتاب الحدود پر ۱۷' کتاب الجہاد پر ۱۰' کتاب النکاح پر ۱۰' کتاب الطلاق پر ۱۰' کتاب البیوع پر ۴' کتاب الاقضیہ پر ۴' اور کتاب الوصایا پر ۲۵ فیصلے جمع کیے گئے ہیں۔ فاضل محقق نے کتاب الحدود والآیات پر مزید ۱۸' کتاب الجہاد پر ۴' کتاب النکاح والطلاق پر ۱۰' کتاب البیوع پر ۷۶' کتاب الحسبہ پر ایک' کتاب القضا پر ۶ اور کتاب الفرائض والعتق پر ۱۷' احکام وقضایا کا اضافہ کر کے اصل کتاب کی قدر وقیمت میں اور اضافہ کر دیا ہے۔

اس عظیم کتاب کا ترجمہ مولانا غلام احمد حریری جیسے فاضل مترجم نے کیا ہے۔ یہ کتاب ان تمام طلبہ' اساتذہ' علما' ماہرین قانون' وکلا اور جج حضرات کے لیے مفید اور ناگزیر ہے جو اسلام کے نظام عدل سے دلچسپی اور اس کے نفاذ کے لیے کوشاں ہیں۔ کتاب عمدہ معیار طباعت پر شائع کی گئی ہے۔ (عبدالجبار شاکر)

**معجم تراکیب الالفاظ العربیة فی اللغة الاردیة**' ڈاکٹر سمیر عبدالحمید ابراہیم۔ ناشر: جامعہ امام محمد بن سعود اسلامیہ' ریاض' سعودی عرب۔ صفحات: ۵۰۹ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: درج نہیں۔

© rasailojaraid.com